© rasailojaraid.com

تبصرے

تذکرۂ سلیمان - مرتبہ جناب غلام محمد صاحب بی اے (عثمانیہ) تقطیع متوسط ضخامت ۴۷۶ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد سات روپیہ آٹھ آنے۔ پتہ: ادارہ مجلس علمی پوسٹ بکس نمبر ۳۸۸۴۔ کراچی۔

مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت بڑی جامع کمالات واوصاف تھی۔ علم و فضل۔ تحقیق وتدقیق تصنیف وتالیف۔ شعروادب۔ تقریر وخطابت ان میں سے کونسا میدان ہو جو مولانا نے سر نہیں کیا۔ اور اپنی انفرادیت کا نقش قائم نہیں کیا۔ لیکن ہر منزل میں طبع جو یا خوب سے خوبتر کی جستجو میں سرگرداں رہی اور آخر جب اسے خوبتریں مل گیا تو اس کے دامن سے وابستہ ہو کر وہ اس کے لئے وقف ہو گئی۔ یعنی جس کا آغاز ایک بلند پایہ محقق اور ادیب کی حیثیت سے ہوا تھا اس کا خاتمہ سالک راہِ حقیقت اور عارف باللہ کی حیثیت سے ہوا۔ لائق مرتب جو مولانا کے سعادت مند تلمیذ روحانی ہیں انھوں نے اپنے مرشد گرامی مرتبت کی اسی آخری حیثیت کو واضح اور نمایاں کرنے کے لئے یہ ضخیم کتاب لکھی ہے۔ کتاب دو حصّوں پر تقسیم ہے۔ پہلے حصّہ میں جو صفحہ ۲۰۷ پر ختم ہوتا ہے مولانا کے ذاتی حالات و سوانح۔ علمی وادبی کارناموں اور اخلاق وشمائل کا تذکرہ ہے۔ اس کے بعد دوسرا حصّہ شروع ہوتا ہے۔ جو حضرت مرحوم کے روحانی کمالات واوصاف۔ ملفوظات۔ مکتوبات جو زیادہ تر سوال وجواب کی شکل میں ہیں اور اس سلسلہ کے متعدد حالات وواقعات پر مشتمل ہے اور در اصل یہی حصہ کتاب کا بیت الغزل ہے۔ کتاب میں کہیں کہیں جادۂ اعتدال وتوازن سے انحراف ضرور پیدا ہو گیا ہے جو ایک مرید باصفا سے چنداں غیر متوقع نہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ کتاب بحیثیت مجموعی عجیب وغریب عارفانہ وحکیمانہ ارشادات وملفوظات پر مشتمل ہے جس کے مطالعہ سے ایک طرف سلوک ومعرفت میں سید صاحب کی مخصوص فکر ونظر کا اندازہ ہوتا ہے اور

© rasailojaraid.com